MEMBER APRNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily KAMAS Lahore

روزنامہ کماس لاہور

گروپ ایڈیٹر محمد زاہد صدیقی

مینجنگ ایڈیٹر محمود دھلوں

چیف ایڈیٹر فریاد افضل رانا

ایڈیٹر شیخ عامر احمد جادا

جلد 10 | منگل 19 مارچ 2024ء 8 رمضان المبارک 1445ھ 6 چیت 2080 ب، صفحات 4، قیمت 30 روپے | شمارہ 319

وہاڑی۔ مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی گورنمنٹ گرلز کالج وہاڑی منعقدہ سیمینار میں ادارہ کی افادیت واہمیت کے موضوع پر آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملتان کے ریجنل ہیڈ ملتان محمود جاوید بھٹی نے وہاڑی کا دورہ

31 شکایات کی سماعت کی اور جلد حل کے لیے احکامات صادر کیے

وہاڑی (حکیم محمد شمعون نذیر) وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ملتان کے ریجنل ہیڈ ملتان محمود جاوید بھٹی نے وہاڑی کا دورہ کیا اور گورنمنٹ گرلز کالج وہاڑی میں ادارہ کی افادیت و اہمیت کے موضوع پر آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی (بقیہ نمبر 45)

بقیہ نمبر 45 مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی تھے اس موقع پر پرنسپل پروفیسر عاصمہ خبیب، طالبات، اساتذہ کرام کی کثیر تعداد موجود تھی مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے کہا کہ وفاق کے زیر انتظام سرکاری محکموں بارے عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا ہے کسی وکیل کے بغیر بلا تاخیر، بلا تفریق، بلا تعطل سائلین کے مسائل حل کر رہا ہے اور وفاقی محتسب عوامی شکایات کے حل کیلئے سب سے آگے ہے انہوں نے مزید نے کہا کہ شہری کسی بھی وفاقی محکمے کے خلاف سادہ کاغذ پر درخواست یا 1055 پر ایس ایم ایس یا واٹس ایپ، انسٹاگرام یا ای میل کے ذریعے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں سائل کی درخواست کی سماعت کے حوالے سے درخواست گزار کو ایس ایم ایس بھیجا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر سائل کے مسئلہ کو حل کیا جاتا ہے سیمینار میں مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ادارہ وفاقی محتسب کے اغراض و مقاصد، افادیت اور کارکردگی سے طالبات کو آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلی کے ویژن کے مطابق عوام کو انصاف کی فراہمی جاری ہے ادارہ وفاقی محتسب کے ریجنل دفاتر عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں اور وفاقی اداروں سے متعلق شکایات لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف مہیا کر رہے ہیں سیمینار کے اختتام پر ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے طالبات کے سوالوں کے جوابات بھی دیے بعد ازاں ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی کمپلیکس میں کھلی کچہری لگائی کھلی کچہری میں محکمہ میپکو، سوئی گیس اور پی ٹی سی ایل اور دیگر محکموں سے متعلقہ 31 شکایات کی سماعت کی اور جلد حل کے لیے احکامات صادر کیے۔

www.dailyaaj.com.pk

پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج

گروپ چیف ایگزیکٹو
نگہت شاہین

ایبٹ آباد
پاکستان

بانی
عبدالواحد یوسفی

جلد 28 | منگل 19 مارچ 2024، 08 رمضان 1445، 04 چیت | قیمت 20 روپے | شمارہ 133

واپڈا کے ریٹائرڈ ملازم محمد فرید کو پنشن کی مد میں ادائیگی

شکایت کنندہ نے پنشن کی ادائیگی میں تاخیر کیخلاف وفاقی محتسب کو شکایت کی تھی

وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے' محمد فرید

ایبٹ آباد (آج نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے احکامات کی روشنی میں واپڈا کے ایک ریٹائرڈ ملازم محمد فرید کو پنشن کی مد میں مبلغ 20 لاکھ اٹھتر ہزار آٹھ سو بارہ روپے کی ادائیگی ممکن ہوئی۔ شکایت کنندہ محمد فرید نے محکمہ واپڈا کے جانب سے پنشن کی ادائیگی میں بلاوجہ تاخیر کے خلاف شکایت دائر کی تھی۔ وفاقی محتسب ریجنل آفس ایبٹ آباد کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

بقیہ نمبر 34 — وفاقی محتسب

شکایت موصول ہونے کے فوری بعد متعلقہ محکمہ کو نوٹس جاری کر دیئے گئے۔ دوران سماعت محکمہ واپڈا لاہور نے شکایت کنندہ کو مبلغ 20 لاکھ اٹھتر ہزار آٹھ سو بارہ روپے کی رقم ادا کر دی ہے۔ اس موقع پر شکایت کنندہ محمد فرید نے وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا کیا جس کی توسط سے سائل کا دیرینہ مسئلہ حل ہوا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے انچارج عبدالغفور بیگ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اور وفاقی و صوبائی محکموں میں بدانتظامیوں اور التوا کا شکار عام آدمی کے حقوق کی بازیابی اور مسائل کے حل میں حتی المقدور کوششوں میں مصروف عمل ہے۔